مولوی محمد نعیم حقانی

پیر طریقت رہبر شریعت مولانا رحیم اللہ باچا صاحبؒ کی آخری وصیت

وصیت کرنا ایک سنت عمل ہے،اس لئے علماء اور صالحین دنیا سے کوچ کرتے وقت اصلاح اُمت کی خاطر وصیّت کردیتے ہیں،تاکہ وہ اس پر عمل کرکے فلاحِ دارین حاصل کریں۔حضرت باچا صاحب نے بھی آخری وصیت کرتے ہوئے فرمایا!

☆ کلمہ طیبہ استغفار اور درود شریف کا ورد کثرت سے کیا کرو،(درود ابراہیمی کا ثواب بہت زیادہ ہے)

☆ لوگ دنیوی امور کے لئے وکیل سے رجوع کرتے ہیں جبکہ ہمارا وکیل اللہ ہے،''یا اللہ، یا وکیل'' اسماء الحسنی اور نبی کریم ﷺ کے اسمائے مبارکہ سے سارے بگڑے کام سنور جاتے ہیں۔

☆ علم حاصل کرو اور قرآن مجید کی تلاوت زیادہ کیا کرو۔

☆ جوکوئی یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے گفتگو کرے تو قرآن مجید کی تلاوت کرلیا کرے۔

☆ جوکوئی چاہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے کلام کرے تو نوافل کا اہتمام کرے۔

☆ اگر کسی کو کوئی مصیبت پہنچے تو انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھے۔

☆ ہر اچھی بات سنو اور اس پر عمل کرو، بری بات نہ سنو اور نہ اس پر عمل کرو۔

☆ کھانے پینے میں وسعت سے کام لو اور بخل اور کنجوسی سے بچتے رہو۔

☆ سخی انسان اللہ تعالیٰ کا بھی محبوب ہوتا ہے اور فرشتوں اور انسانوں کا بھی۔

☆ اگر بخیل انسان کے پاس دولت ہو تو اسے خرچ کرنے کو اس کا دل نہیں کرتا۔

☆ بخیل نہ خود کھاتا ہے اور نہ دوسروں کو دیتا ہے۔

---

* متخصص بجامعہ دارالعلوم حقانیہ

☆ جب انسان بیمار ہو جاتا ہے تو اس کے گناہ جھڑتے ہیں۔

☆ صحت کی دعا کرو لیکن عبادت کے لئے۔

☆ موت اچانک آتی ہے، اِسلئے کہ جب صبح ہو تو شام کی امید نہ رکھو اور جب شام ہو تو صبح کی امید نہ رکھو۔

☆ طمع، منع، جمع اور بھیک سے پرہیز کرو اور صدقات دیا کرو۔

☆ لایعنی کاموں سے بچو، جھوٹ نہ بولو، کیونکہ جھوٹ ہلاکت ہے ہمیشہ سچ بولو۔

☆ ساخت لکھا کرو۔صرف ''بسم اللہ'' بھی ہر مرض کی تعویذ اور ساخت ہے۔دم درود کرنا سنت عمل ہے، اس پر کچھ طلب نہ کرو اور اگر کوئی بخوشی دے تو لینے میں کوئی حرج نہیں۔

☆ سورۃ فاتحہ میں ہر مرض کی شفا ہے۔

☆ بہترین کام وہ ہے جو کم ہو لیکن اس میں رہنمائی زیادہ ہو۔

☆ نماز فجر کے بعد سورت یٰسین، ظہر کے بعد سورت نوح، عصر کے بعد سورت نباء، مغرب کے بعد سورۃ واقعہ اور عشاء کے بعد سورت تبارک الذی پڑھا کرو۔

☆ سورۃ تغابن سے بیماریاں ختم ہو جاتی ہیں۔

☆ مال و اولاد فتنہ ہے (انما اموالکم و اولادکم فتنہ)

☆ آپس میں لڑائیاں اور جھگڑوں سے اپنے آپ کو بچانا چاہئے، کیونکہ جو اس سے اپنے آپ کو بچاتا ہے تو فرشتے مخالفین کو اس کی جگہ جواب دیتے ہے۔

☆ کسی سے بائیکاٹ اور قطع کلامی نہ کرو۔

☆ جو کوئی ایک نماز قضا کر دے اس کو روزِ قیامت 6400 سال تک عذاب ملے گا۔

☆ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق رحمہ اللہ کے خاندان اور جامعہ دارالعلوم حقانیہ سے قلبی لگاؤ اور تعلق کو ہمیشہ کے لئے رکھنا۔

☆ جو بھی کوئی ملاقات کے لئے آتا تو اُسے ہمیشہ داڑھی رکھنے کی ترغیب دیتے۔

☆ ☆ ☆